## آئرلینڈ میں زچگی کی خدمات کے متعلق تارکین وطن خواتین اور نسلی اقلیتی گروپ کے تجربات' سےمتعلقہ منصوبہ۔



آئرش زچگی کی خدمات یعنی آئرش مَیٹرنیٹی سروسز کو سب کے لئے بہتر بنانے میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔

اس منصوبے کے بارے میں مزید جاننے کے لئے اسکین کریں۔

## آئرلینڈ میں مَیٹرنیٹی خدمات کو بہتر بنانے کے لئے ہماری کوششوں میں شامل ہوں۔

آئرلینڈ مختلف ثقافتوں اور نسلی پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تیزی سےبڑھتی ہوئی متنوع آبادی کی میزبانی کرتا ہے۔ بین الاقوامی شواہد تارکین وطن اور نسلی اقلیتی خواتین کے درمیان عدم مساوات کو ظاہر کرتے ہیں جو اعلی آمدنی والے ممالک میں زچگی کی خدمات تک رسائی حاصل کرتی ہیں۔ یہ ماں اور بچے کے لئے خراب صحت کے نتائج کا باعث بن سکتا ہے۔ ہر عورت زچگی کی ایس دیکھ بھال کی مستحق ہے جو قابل احترام، معلوماتی اور محفوظ ہو۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ تارکین وطن اور اقلیتی نسلی پس منظر سے تعلق رکھنے والی خواتین اکثر یہ محسوس کرتی ہیں کہ ان کے ساتھ مؤثر طریقے سے بات چیت نہیں کی جاتی، ان کے ساتھ ہمدردی پرمبنی سلوک نہیں کیا جاتا ہے، ان کی دیکھ بھال کے فیصلوں میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔ ہمیں معلومات جمع کرنے اور بہتری کی ضرورت والے علاقوں کو ہدف بنانے کے لئے آپ کی نسل کےبارے میں جاننے کی ضرورت ہے۔


Cork University Maternity Hospital
MEMProject@ucc.ie


IRELAND SOUTH WOMEN & INFANTS DIRECTORATE | UCC University College Cork, Ireland Coláiste na hOllscoile Corcaigh

## شمولیت اختیارکریں

اگر آپ ٹھیک محسوس کرتی ہیں تو ہم آپ کو یہ معلومات فراہم کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ آپ کا رائے ہمیں ہر ایک کے لئے زیادہ جامع اور مؤثر صحت کی دیکھ بھال کا ماحول بنانے میں مدد کرے گی۔

## سوالات؟

اگر آپ کے اس بارے میں کوئی سوالات ہیں کہ ہم یہ معلومات کیوں جمع کر رہے ہیں یا اسے کس طرح استعمال کیا جائے گا، تو براہ مہربانی ہم سے بغیر ہچکچاہٹ کے رابطہ کریں۔ ہم مزید تفصیلات فراہم کرنے اور آپ کے کسی بھی قسم کے خدشات کو دور کرنے کے لئے یہاں موجود ہیں۔

رابطہ ای میل: MEMProject@ucc.ie

ہماری خدمات کو بہتر بنانے اور تمام مریضوں کے لئے مساوی دیکھ بھال کو یقینی بنانے میں ہماری مدد کرنے کے لئے آپ کا شکریہ۔

## کورک یونیورسٹی میٹرنٹی اسپتال میں خوش آمدید۔

اعلیٰ معیار، منصفانہ دیکھ بھال فراہم کرنے کے ضمن میں ہمارے مسلسل عزم کے حصے کے طور پر، ہم آپ کے ثقافتی پس منظر کے بارے میں معلومات مانگ رہے ہیں۔ یہ معلومات نامہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ ہم یہ ڈیٹا کیوں جمع کرتے ہیں، ہم اسے کس طرح استعمال کرتے ہیں، اور ہم آپ کی رازداری کی حفاظت کیسے کرتے ہیں۔

قومیت یعنی اَیتھنیسیٹی کیا ہے؟

اَیتھنیسیٹی آپ کے ثقافتی اور آبائی پس منظر کوکہتےہیں۔ اس میں مشترکہ تاریخ، روایات، زبان اور بعض اوقات مذہب شامل ہواہے۔ یہ قومیت یا شہریت سے مختلف چیز ہے۔

قومیت سےعام طور پر وہ ملک مراد ہوتا ہے جس کے آپ شہری ہوتے ہیں۔

شہریت کسی ملک میں آپ کی قانونی حیثیت کوکہتےہیں۔ یہ پاسپورٹ رکھنے یا ووٹنگ دینےکے حقوق دیتی ہے۔

## ہم نسلی اعداد و شمار کےضمن میں معلومات کیوں جمع کرتے ہیں

دیکھ بھال کےسلسلےمیں ہونےوالا خلا کی نشاندہی کرنا: نسلی اعداد و شمار ہمیں صحت کے نتائج میں اختلافات کی نشاندہی کرنے اور تمام مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لئے عدم مساوات کو دور کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

خدمات میں اضافہ: ہمارے مریضوں کے نسلی پس منظر کو جاننے سے ہمیں اپنی خدمات کو تیار کرنے، ثقافتی طور پر حساس مدد پیش کرنے اور رسائی کو بہتر بنانے کی اجازت ملتی ہے۔

قانونی تعمیل: اس ڈیٹا یعنی معلومات کو جمع کرنے سے ہمیں قانونی تقاضوں کو پورا کرنے اور ایسی حکمت عملیوں کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے جو مساوات کو فروغ دیتی ہیں اور صحت کی دیکھ بھال میں امتیازی سلوک کو روکتی ہیں۔

Cork University Maternity Hospital

MEMProject@ucc.ie

IRELAND SOUTH WOMEN & INFANTS DIRECTORATE | UCC University College Cork, Ireland Coláiste na hOllscoile Corcaigh

## آپ کی نسل سے متعلق ڈیٹا یعنی معلومات کیوں اہمیت کی حامل ہیں

آپ کی قومیت کا اشتراک کرنےکےذریعے، ہم امید کرتے ہیں:

اقلیتوں اور اکثریتی آبادیوں کے درمیان صحت کے متعلقہ اختلافات کے بارے میں آگاہی پیدا کریں اور بعد میں ان امتیازات کو دور کرنا شروع کریں۔

مواصلات اور ثقافتی اہلیت میں اضافہ، دیکھ بھال تک رسائی اور معیار میں عدم مساوات کی نشاندہی اور اسے دور کرنا۔

عدم مساوات کو کم کرنے اور سی یو ایم ایچ خدمات تک رسائی حاصل کرنے والے تمام مریضوں کے لئے بہتر تجربے کو فروغ دینے کے لئے معیار میں بہتری کا منصوبہ تیار کرنا۔